بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# "اَلْقَرْضُ مِقْرَاضُ الْمَحَبَّۃِ" حدیث ہے یا نہیں؟

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عرضِ خدمت ہے کہ "اَلْقَرْضُ مِقْرَاضُ الْمَحَبَّۃِ" (قرض؛ محبت کے لیے قینچی کی مانند ہے) حدیث ہے یا کسی کا مقولہ ہے؟ برائے کرم رہنمائی فرمائیں! جزاکم اللہ

**سائل: شیخ مختار، انڈیا**

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

قاضی عبد رب النبی بن عبد رب الرسول احمد نگری نے اپنی کتاب "دستور العلماء اَو جامع العلوم فی اصطلاحات الفنون" کے صفحہ 48 پر لکھا ہے کہ "القرض مقراض المحبۃ" قدوۃ العارفین عارف نامی نور الدین شیخ عبد الرحمن الجامی قدس سرہ کا فرمان ہے۔

ہماری تحقیق کے مطابق ذخیرۂ احادیث میں یہ کہیں موجود نہیں ہے، لہٰذا اسے حدیث نہ سمجھا جائے۔

**واللہ اعلم بالصواب**

22- جون 2021ء